زیات لوډ شیډنګ کیږی نو یا به صوابی کښ کیږی او یا به په غازی او په کلابټ کښ کیږی نو د اسے خبرے دی سپیکر صاحب، چه مونږ د ا ویو چه زمونږ وزیر صاحب یا دوئ سره خپل ټیم لاړ شی چه دوئ خپل مؤقف په ښه طریقه باندے بیان کړی۔ مونږ دوئ سره یو خو یو خبره کوم که چرے دوئ دے خپل مؤقف کښ لږ وروستو شو نو ګوره بیا به مونږ دا یوه خبره کوؤ:۔

ے پرېږده چه خړ سیلاب مے یوسی   په لامبوزن آشنا به ډېره نازیدمه

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ۔ رفعت اکبر سواتی صاحبہ۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: Thank you Mr. Honourable Speaker sir. جناب والا! کل کی بحث سننے کے بعد اور ڈاکٹر صاحب کو سننے کے بعد بھی گو کہ میرے پاس اشعار تو ہیں نہیں، ویسے اردو کے اشعار کا خوب سہارا لیتے ہیں، میں یہ کہوں گی کہ ہم اس دفعہ جو این۔ایف۔سی ایوارڈ کی بات کر رہے ہیں تو شاید ہم اس کو اتنی اہمیت نہیں دے رہے جتنی ہمیں دینی چاہیئے۔ سچ پوچھیئے تو ہماری سیاسی تقاریر این۔ایف۔سی ایوارڈ کا حل نہیں ہیں۔ اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے ہمیں اور اقدام کرنے پڑینگے اور بڑی گہری سوچ سے یہ دیکھنا پڑے گا کہ آیا جو ہمارے ٹریژری بنچز والے ہیں، وہ مرکز کے ساتھ اپنا جو Liaison کر رہے ہیں یا جو ان کا رابطہ ہے، اول تو ہمیں پتہ نہیں ہے کہ وہ ہمیں اپنے ساتھ اس مشاورت میں شامل تو کرتے نہیں تاکہ پتہ چلے کہ وہ کیا بات کر رہے ہیں؟ مرکز کا کیا جواب مل رہا ہے؟ اگر کوئی Favorable اس کا جواب نہیں ہے تو اس کیلئے ہمیں کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟ جناب والا! میں یہ کہوں گی کہ اس وقت این۔ایف۔سی کے ایوارڈ کا فیصلہ ہونے سے پہلے ہمیں بہت سی مشاورت کرنی پڑیگی اور وہ بہت ضروری ہے۔ ہم تقاریر بہت عرصے سے کر رہے ہیں، کرتے بھی جاتے ہیں اور کرتے چلے جائیں گے لیکن کیا یہ کسی مسئلے کا حل بن پڑ رہا ہے یا نہیں؟ ہماری تو وہ مثال ہو گئی ہے جناب والا، کہ بلی کو دیکھ کر کبوتر آنکھیں بند کر لیتا ہے، دراصل اس کی آنکھیں بند کرنا اس کی بیوقوفی ہے اور اسکی اپنی بیوقوفی کی وجہ سے بلی اس کو کھا جاتی ہے تو ہم بھی اسی طرح سے اپنے آپ کو خود بخود پیش کر رہے ہیں کہ ٹھیک ہے، ہم نے خوف و خطرہ دیکھا ہے اور لکیر پیٹتے چلے جا رہے ہیں۔ میں ایک ہی جو بات سنتی آ رہی ہوں کہ نیٹ ہائیڈرل پرافٹ مرکز مرکز مرکز، ایسا محسوس ہوتا ہے جناب والا، جیسے ہم لنگڑے لولے ہیں اور بیساکھیوں کا سہارا لے رہے ہیں۔ ہمارے پاس اس صوبے میں اپنے تو نہ کوئی وسائل ہیں اور نہ ہم ان کو بروئے کار لا سکتے ہیں۔ ہم تو اتنے مفلوج ہو کر مرکز کے

سامنے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں کہ جیسے ہم اندھے اور لولے لنگڑے ہیں۔ مرکز ہمارے مدد نہیں کرے گا تو ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ نیٹ ہائیڈرل پرافٹ ہمیں نہیں ملے گا تو ہم کچھ نہیں کر سکتے۔ اس کے علاوہ بھی ہمارے صوبے میں کچھ ایسے سلسلہ جات ہیں جن کو اگر ہم تھوڑا سا ٹیپ کریں تو ہم محسوس کرینگے کہ ہم جس نیٹ ہائیڈرل پرافٹ کی بات کر رہے ہیں تو اس کو سہارا دینے کیلئے کیونکہ ایک دم دیکھیں سر، ہتھیلی پہ سرسوں جمانی بہت مشکل ہے، اس پہ وقت لگے گا۔ بہت عرصے سے یہ سلسلہ چل رہا ہے بلکہ میں تو سمجھتی ہوں اس دفعہ ہمارے پانی اور بجلی کے وزیر صاحب نے جو نیٹ ہائیڈرل پرافٹ میں Enhancement دی ہے، وہ ایک پہلا Step ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم نے یہ بھی دیکھنا ہے۔ مثال کے طور پر آپ جانتے ہیں کہ ہمارا صوبہ امیر نہیں ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ یہاں غربت بہت زیادہ ہے، بے روزگاری بہت زیادہ ہے، لاء اینڈ آرڈر کی Situation بھی آئے دن بنتی چلی جارہی ہے، یہاں تک کہ ایبٹ آباد اور مانسہرہ جو بڑا پرسکون علاقہ تھا، وہاں بھی اغوا برائے تاوان ہو رہا ہے، کیوں ہو رہا ہے؟ کیونکہ Employment نہیں ہے۔ Crime rate کو آپ کیسے ڈراپ کر سکتے ہیں؟ آپ اسی وقت اپنے صوبے کی Economic condition کو ٹھیک کر سکتے ہیں جب آپ کا Crime rate نیچے آئے گا اور اس کو نیچے لانے کے لئے آپ نے اپنے صوبے کی Economy کو Viable and stable کرنا ہے۔ جناب والا! صوبہ سرحد میں ہمیں ایک Subvention کی سہولت ملی ہے۔ اب اس کو ہم پوری طرح سے، دیکھیں جی، ایک صابن کو بیچنے کے لئے کتنا بڑا اشتہار دینا ہوتا ہے تو ہر چیز Commercialize بھی ہو گئی ہے اور بڑے ٹیکنیکل گراؤنڈز پہ پیش کیجاتی ہے۔ کل میرے ایک برادر فرمارہے تھے کہ جناب، پنجاب والے تو پوری ٹیپ لے کر آئے ہوئے ہیں تو سرحد والوں کو کیوں سانپ سونگھا ہوا ہے، وہ کیوں نہیں کہہ سکتے کہ جناب عالی یہ تو ایک Eye wash ہے؟ افغان رفیوجیز جو ہمارے صوبے میں ایوب خان صاحب کے وقت سے آ رہے ہیں اور جارہے ہیں تو یہ ہماری سوسائٹی کا، ہمارے سوشل آرڈر کا حصہ بن چکے ہیں۔ آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ افغان رفیوجیز واپس چلے گئے ہیں۔ یقین کیجئے اگر ایک کیمپ خالی کرتے ہیں تو اگلے دن وہی لوگ ہمیں پھر یہاں نظر آرہے ہوتے ہیں۔ وہ کہاں جاتے ہیں؟ آپ کے خیال میں ہمارے سکولوں میں جو بچے پڑھ رہے ہیں تو وہ ہمارے اس سسٹم میں رچ بس گئے ہیں تو سر، آپ موقع دیں گے تو بات کروں گی ورنہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں نہیں، میں موقع دے رہا ہوں لیکن مجھے بھی سنئے نا کہ میں آپ سے کیا استدعا کرنے والا ہوں، آپ سے میں یہ استدعا کرنے والا ہوں کہ Repetition نہ ہو۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: جی، بالکل نہیں ہو گی۔

جناب سپیکر: افغان رفیوجیز اور اس کے Infrastructure وغیرہ کے ذکر سے میرے خیال میں اس ایوان کا وقت ضائع ہو رہا ہے۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: ہم تو ضائع نہیں کرتے سر، ویسے اگر آپ سمجھیں یا کوئی اور یہ سمجھے کہ ہم وقت ضائع کر رہے ہیں، ہم تو بخدا ایک Serious بات کر رہے ہیں۔ ہماری ان باتوں کو ہی بعض اوقات مذاق میں یاRepetition میں ڈالا جاتا ہے۔ بعض جگہ پرRepetition صرف مثال دینے کیلئے ہوتی ہے۔ میں اس Subvention کی اس لئے بات کر رہی ہوں کہ برائے مہربانی آپ مرکز کے ساتھ اس ایشو کو اٹھائیں۔ یہ صرف بات برائے بات نہیں ہے، انکو بتائیں کہ یہاں پر ہمارا Infrastructure افغان رفیوجیز کے آنے سے کئی سال پہلے سے ڈسٹرب ہو چکا ہے، اس کو Enhance کریں اس کو بڑھائیں، اس کو کم نہ کریں۔ دیکھیں جی، یہ ایسے ایشوز ہیں جن میں آپ کو کافی پیسہ مرکز سے مل سکتا ہے۔ ایک تو بات یہ ہو گی سر! آپ کہہ رہے ہیں کہ یہ Repetition ہے، All-right I leave it اب یہ حکومت کا کام ہے کہ وہ اس ایشو کو کس رنگ میں کس طرح لیتی ہے۔ یہ ہمارے پاس ایک بہت بڑا Edge ہے لیکن ہم اسکو نہ ٹیپ کر رہے ہیں، نہ Utilize کر رہے ہیں۔ دوسری بات جناب والا! میں یہ کرنا چاہتی ہوں کہ ہمارے پاس، پہلے بھی یہ بات Repeat ہو چکی ہے لیکن میں پھر کہوں گی کہ ہر دفعہ کی تقریر میں آپ لوگوں سے میری یہ request ہوتی ہے، اگر ٹریژری بنچز تھوڑی سی توجہ دے دیں تو بڑی مہربانی ہو گی۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں متوجہ ہیں۔

محترمہ رفعت اکبر سواتی: تو ہمارے پاس اس وقت ایک Sick industry loom کر رہی ہے۔ آپ اس کیلئے مرکز سے بہت کچھ لے سکتے ہیں کیا مرکز نہیں چاہتا کہ صوبہ سرحد میں Industry ہو اور Flourish ہو؟ کیوں نہیں چلتی، اس کی reason میں نے یہ دی تھی، نہیں سر، آپ کہتے ہیں نہیں چلتی، آپ لوگوں کے پاس اصل میں دل ہی نہیں ہے، وہ Zeal ہی نہیں، وہ Enthusiasm ہی نہیں ہے۔ آپ نہیں چاہتے کہ یہ صوبہ چلے۔ آپ چاہتے ہیں کہ بیسا کھیوں پہ رہیں تو رہیں پھر آپ بیسا کھیوں پہ، انشاء اللہ تعالیٰ وقت آئے گا جب ہم ذمہ داریاں سنبھالیں گے تو ہم آپ کو دکھا دینگے کہ کیسے چلنا چاہیئے۔ یہ کوئی بات نہیں ہوئی کہ آپ کہتے چلے جا رہے ہیں کہ دیکھا جائے گا (تالیاں) جی ہاں، بالکل انشاء اللہ تعالیٰ،

تو میں یہ سمجھتی ہوں کہ مرکز اس کیلئے گرانٹس بھی دے سکتی ہے اور جب میں بات کرتی ہوں انڈسٹری کے Sick ہونے کی، اسلامک بینکنگ اور بڑی بڑی آپ باتیں کرتے ہیں، تو آپ کیوں نہیں جو اتنا Interst ان کے اوپر لگا ہوا ہے، اس کو Waive کر دیئے؟ اس Interst کی وجہ سے لوگ انڈسٹری کی طرف نہیں آرہے، سر اور پھر آپ نے خود مواقع فراہم کر دیئے ہیں تو آپ یہ تو دیکھیں کہ expertise آپ کے پاس ہیں یا نہیں ہیں؟ اور نہ ہونے کی وجہ سے دوسرے صوبوں سے لوگ آتے ہیں اور یہاں انڈسٹری سیٹ اپ کرتے ہیں اور اس کے بعد جب کہتے ہیں کہ Sick ہو گئی ہے تو وہی مشینیں اٹھا کر اپنے صوبوں میں لے جاتے ہیں۔ تو کیا یہ غور طلب بات نہیں ہے؟ یا تو آپ کہیں کہ Corruption اور Nepotism کو آپ فروغ دینا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے پھر یہ سلسلہ چلتا رہے گا لیکن اگر اپنے صوبے کیلئے آپ نے کوئی قربانی دینی ہے تو ان باتوں کو Seriously آپ لیں۔ تیسری بات سر، میں یہ کرنا چاہتی ہوں کہ 1991 میں ہمارا Indus water Accord sign ہوا تھا جسکے مطابق Law Minister sahib! If you do not mind sir, جسکے مطابق ہم سب لوگوں کیلئے، صوبوں کیلئے پانی Earmark ہو گیا تھا، Yes sir, اب دیکھئے سر، اس میں میرے خیال میں پندرہ ہزار کیوسک سے بھی بہت زیادہ ہمارے پاس پانی ہمارے حصے میں آتا ہے، آپ نے کیا اس Resource کو ٹیپ کیا ہے کہ ہمارے پاس اس کا Infrastructure نہیں ہے، ہمارے پاس انتظامات نہیں ہیں اور ہمارا وہی پانی باقی صوبوں کو جا رہا ہے۔ تو جناب والا! اگر وہ جا رہا ہے اول تو مرکز ہمیں Compensate نہیں کرے اس کیلئے اور اگر مرکز ہمیں Compensate نہیں کرتا تو وہ صوبے جو ہمارے حصے کا پانی لے جا رہے ہیں، وہ ہمیں Compensate کر دیں۔ ہم اس کی قیمت تو نہیں مانگ رہے ہیں تو یہ تو ایک Eye opener ہے آپ کیلئے آپ یہ سمجھیں کہ مرکز سے جب آپ باقی چیزوں کی بات کرتے ہیں تو آپ اپنے صوبے کی سالمیت کو بھی ذرا مد نظر رکھیں کہ اتنے کیوسک پانی جو ہمارا جا رہا ہے دیکھیئے وہی پانی اگر ہمارے پاس آ جائے تو ہم ایگریکلچر سیکٹر میں خود کفیل ہو سکتے ہیں لیکن اگر آپ ہی لوگ نہیں چاہتے کہ ہماری خود کفالت ہو تو ٹھیک ہے وہ پانی بہہ جائے۔ ویسے انور کمال مروت صاحب نے بڑی خوبصورت مجھ سے کل ایک بات کی تھی، کہنے لگے کہ جس کی جھولی میں سوراخ ہو، وہ بھیک بھی کیا مانگیں، وہ بھیک ان سوراخوں سے گر جاتی ہے۔ پہلے اپنی جھولیاں سی لیں۔ آپ لوگ دیکھیں کہ کہاں کہاں ہماری غلطیاں ہیں۔ یہ مقابلہ نہیں ہے، یہاں پر دیکھیں صوبے کے حقوق کے معاملے میں اپوزیشن ہے یا ٹریژری بنچز ہیں، ہمارا مؤقف ایک ہی ہے لیکن

آپ لوگ پتہ نہیں کیوں اسے Lightly لے لیتے ہیں؟ ان چیزوں کو آپ Lightly نہ لیں۔ We are trying to give you indicators. We are trying to put it forward to you that these are yours resources. Why don't you tap them and if you tap these resources کوئی Reason نہیں ہے کہ آپ لوگ خود کفالت کی طرف نہیں آ سکیں۔ تو میں سر، یہ کہنا چاہتی ہوں ان سے کہ فوری طور پہ اس پانی کیلئے انفراسٹرکچر ہو اور اگر نہیں ہو رہا تو باقی Compensation جو اسکی مل سکتی ہے، وہ تو کم از کم لینی چاہیئے۔ آپکو پتہ ہے کہ اتنے پانی کیلئے اربوں روپے کی Compensation بنتی ہے تو آپ پھر وہ مرکز، مرکز، مرکز، نیٹ ہائیڈرل پرافٹ، پرافٹ، پرافٹ کو چھوڑ کر دیکھیں گے کہ ہم یہ بیساکھیاں پھینک دیں گے۔ ہم اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہم اپنے ان تمام مطالبات کو مرکز تب ہی پہنچا سکتے ہیں کہ کم از کم جب ہمیں بھی اس میں شامل رکھیں، ہم سے چھپ چھپ کر آپ مرکز سے Liaison کر رہے ہیں تو اس کا نتیجہ اچھا نہیں ہے کیونکہ ہم مرکز پہ خود بھی Prevail کر سکتے ہیں۔ ہم ان سے کہہ سکتے ہیں کہ اسی اسمبلی میں ہم بھی ان کے ساتھ بیٹھے ہیں۔ اگر ہماری بات سنی جائیگی تو میں آپ سب لوگوں سے استدعا بھی کرتی ہوں سپیکر صاحب کے توسط سے، ان کی مہربانی سے، کہ Please اپنے Resources کو Tap کریں اور پھر کہیں کہ بھئی مرکز ہماری کیسی مدد کرے گا۔ شکریہ سر۔

Mr. Speaker: Thank you.

جناب اکرام اللہ شاہد (ڈپٹی سپیکر): جناب سپیکر! زہ Call Attention move کومہ جی۔ پرون تاسو بحث چہ دے داپہ واپڈا لیبریونین والا ----(قطع کلامی)

جناب سپیکر: پہ دے خو ماتہ نن چہ کوم دے، دا دغہ ----

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالاکبرخان زما خیال دے، تحریک پیش کڑے دے او دے واپڈا یونین والا ډیر لوئے جلوس ویستلے دے، د دے واپڈا د نجکاریٔ خلاف۔

جناب سپیکر: تحریک التواء دے، مطلب دا دے، سبا دپارہ بہ -------

جناب ڈپٹی سپیکر: سبا دپارہ تاسو دغہ کڑی دی۔

جناب سپیکر: او جی، سبا دپارہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک شو، سر۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب، کل آپ غیر حاضر تھے۔ میں نے بار بار پکارا لیکن آپکی عدم موجودگی ہم شدت سے محسوس کر رہے تھے۔ بس، پانچ منٹ۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر!   کل جو میں گیا تھا تو این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کے متعلق بہت ضروری سا مسئلہ تھا، ہمارے علاقے میں جو گیس نکلی ہے، اسکے متعلق جلسے جلوس تھے، میں انکو Convince کرنے گیا تھا اور انشاء اللہ یہ باتیں پھر این۔ایف۔ سی ایوارڈ کے ساتھ آتی رہینگی جی۔ شکریہ، جناب سپیکر، جناب سپیکر!   آج جو موضوع ہے این۔ ایف۔ سی ایوارڈ این۔ایف۔ سی ایوارڈ پہ حقیقت میں اس سے پہلے میرے ساتھی انور کمال خان پرسوں اس پہ کافی مدلل تقریر کر چکے ہیں اور اسکے بعد بشیر بلور صاحب، عبدالاکبر خان صاحب اور آج ڈاکٹر سلیم صاحب نے تقریر کی تو مجھے تو اس پر بولنے کی جلدی بھی ہوتی ہے کہ میں اس پہ بولوں گا کیا؟ لیکن پھر بھی یہ حق رکھتا ہوں کہ این۔ایف۔ سی ایوراڈ میں اپنے جو میرے خیالات ہیں، وہ آپ کے سامنے لاؤں۔ جناب سپیکر!   جب 1947 میں پاکستان بنا تھا تو اسکا مطلب تھا کہ لاالہ الااللہ اور پاکستان میں ہمارے چار بھائی تھے، وہ چار بھائی، ہم صوبہ سرحد کے رہنے ولے ہیں، کوئی پنجاب کا رہنے والا ہے۔

آوازیں: پانچ بھائی۔

میاں نثار گل: نہیں، جب پاکستان بن رہا تھا تو ہم پانچ بھائی تھے، Sorry بنگلہ دیش، یہ سوری ابھی ہم چار بھائی اسکے ہیں، جس   طرح سے   (شور)

جناب سپیکر: پلیز بات کرنے دیں۔ پلیز، پلیز جی، میاں صاحب۔

میاں نثار گل: جب پاکستان بنا تھا تو اس میں جو وسائل تھے وہ وسائل ہم چار بھائیوں میں اسی سوچ سے مساوی تقسیم ہونگے اور ہمارے اس کے ساتھ مسائل حل ہونگے جناب سپیکر، 55 سال سے اسمبلیوں میں بحث اس پہ ہو رہی ہے کہ ہمارا صوبہ پسماندہ ہے، ہمارا صوبہ غریب ہے، ہم لوگ بے روزگار ہیں اور شکر الحمد اللہ اس میں جس پارٹی کے بھی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، سب کا یہ اظہار ہے کہ ہمیں جو ہمارے وسائل ہیں، جس   طرح ہماری بجلی ہے، جس   طرح ہمارا تمباکو ہے، جس   طرح ہماری معدنیات ہیں، یہ سارے

ذخائر صوبہ سرحد میں ہیں لیکن آج آپ صوبہ سرحد پہ نظر دوڑائیں،آپ جدھر بھی جائیں، بجلی کیلئے لوگ چیخ رہے ہیں،آپ جدھر بھی جائیں، روڈز ہمارے خراب پڑے ہیں،آپ جدھر بھی جائیں، میں جس حلقے سے تعلق رکھتا ہوں، جس ضلع سے تعلق رکھتا ہوں،آج 55 سال گذرنے کے باوجود بھی ہم تالابوں کا پانی پیتے ہیں۔ ہمارا گلہ کسی سے بھی نہیں ہے۔ جب ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں تو ہم لوگوں کے مسائل کس طرح حل کرینگے ؟ جناب سپیکر! آپ دیکھیں کہ اس پہ جلسے بھی ہوتے ہیں، جلوس بھی ہوتے ہیں لیکن ہمیں کچھ بھی ابھی تک نہیں دیا گیا۔ شکر الحمداللہ ابھی سراج الحق صاحب یہاں بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ جو چار جگہوں پر شوکت عزیز صاحب آتے ہیں ، میٹنگ کرتے ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ چار بھائیوں کو Convince کیا جائے۔ مرکز گھرانے کا سربراہ ہوتا ہے،اسکے پاس چار بھائی، جس طرح میں مثال دیتا ہوں ایک گھرانے کی کہ اگر ایک گھرانے میں چار بھائی رہتے ہوں اور ان کو مساوی تقسیم نہ ملے تو اسی گھرانے کا ایک بھائی بغاوت کرلیتا ہے اور اس بغاوت سے پھر یہ ہوتا ہے کہ وہ گھر تقسیم ہو جاتا ہے اور وہی تقسیم برادریوں کو تقسیم کرتی ہے۔جناب سپیکر! بات یہ ہے۔۔۔۔

<u>جناب خلیل عباس خان</u>: ایک چلا گیا۔

<u>جناب سپیکر</u>: Interruption نہ کریں،پلیز خلیل عباس صاحب!

<u>میاں نثار گل</u>: اور اسی غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے، خلیل عباس صاحب نے بڑا اچھا پوائنٹ اٹھایا کہ ایک بھائی ہم سے علیحدہ ہو گیا۔ عبدالاکبر خان صاحب جب پرسوں کہہ رہے تھے،کہ ہمیں مجبور نہ کیا جائے کہ ہم بندوق اٹھائیں، ہمیں مجبور نہ کیا جائے کہ ہم اپنے حق کیلئے لڑیں۔ دلائل پہ ہم آپ کو Convince کرتے ہیں کہ آپ ہمیں اپنا حق دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ خود نہیں اٹھائے گا لیکن آپ کو اکسا رہا ہے۔

<u>میاں نثار گل</u>: جی؟

<u>جناب سپیکر</u>: وہ نہیں اٹھائے گا۔

<u>میاں نثار گل</u>: نہیں، ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ آج ہمیں 37% مل رہا ہے، کل ہمیں 45% ملے گا۔ جناب سپیکر! میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ 45% سے ہمارے یہ مسائل حل ہو سکتے ہیں؟ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، ہم یہ چاہتے ہیں کہ بجلی کی جتنی رائلٹی ہماری ہے،وہ ہمیں دی جائے۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ تمباکو

سے جو ہمیں ملتا ہے، وہ ہمیں چاہئیے جناب سپیکر! میں آپ کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں کہ ابھی جنوبی اضلاع میں گیس کے ذخائر اور تیل کے ذخائر نکل آئے ہیں۔ ہم اگر ان کیلئے نہیں لڑیں گے تو ہم سو سال تک یہی سوچتے رہیں گے کہ ہمیں ملنا چاہئیے یا نہیں، ہمیں اپنا حق حاصل کرنا چاہئیے اس سوچ سے کہ 45%، سراج الحق صاحب نے ہمیں کہا کہ 45% پلس، ہم یہ کہتے ہیں کہ پچیس سال ہمارے ساتھ مہاجرین رہ چکے ہیں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ آپ دیکھیں کہ برف کے پہاڑ ہمارے ہیں اور اسی سے سندھ، ستلج وغیرہ سارا پانی ادھر جاتا ہے۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ تمبا کو ہمارا ہے، ہم یہ کہتے ہیں کہ بجلی ہماری ہے تو ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ تھوڑا حق ہمیں زیادہ ملنا چاہئیے۔ جناب سپیکر! میں سراج الحق صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، اس سوچ کے ساتھ کہ جب اسمبلی میں اٹھتے ہیں تو ممبران اسمبلی کو اپنے دلائل سے، تقریر سے Convince کر لیتے ہیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> شاہ راز خان! وہ سراج الحق صاحب کو تحسین پیش کر رہے ہیں اور آپ نے ان کو باتوں میں مصروف رکھا ہوا ہے۔

<u>میاں نثار گل:</u> نہیں، سراج الحق صاحب کو یہ خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جب اسمبلی میں وہ اٹھتے ہیں اور کوئی سوال جواب کرتے ہیں تو ممبران اسمبلی کو Convince کر لیتے ہیں۔ میں خراج تحسین سراج الحق صاحب کو اس وقت پیش کروں گا کہ جب وہ شوکت عزیز صاحب کو Convince کر لیں اور اپنے اس صوبے کا حق ان سے لے آئیں (تالیاں) پھر میں یہ کہوں گا کہ سراج الحق صاحب، ہم ان کے ساتھ ہیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ جتنے بھی یہاں کے ممبران اسمبلی ہیں، جتنے بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور جتنی تعداد میں بھی بیٹھے ہوئے ہیں، اگر یہ چھٹے ایوارڈ پہ، این۔ایف۔ سی ایوارڈ پہ بات بھی ہو رہی ہے تو میرے خیال میں یہ تو آواز ہے جس طرح بشیر بلور صاحب نے کہا کہ ہم تو قرارداد پیش کرتے رہتے ہیں لیکن اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ میں تو یہ Suggest کرتا ہوں کہ کم از کم اگر اٹک تک ہم نہیں جا سکتے تو اسمبلی کے باہر تک تو ایک واک آوٹ کر لیں کہ ہاں ہم این ایف سی ایوارڈ پر ایک ہیں۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> نسرین خٹک صاحبہ، مختصر۔

<u>مولانا محمد مجاہد خان الحسینی:</u> جناب سپیکر صاحب! میں ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ نثار گل صاحب نے کہا کہ ان کو قائل کر دیں جب مرکزی وزراء قائل ہی نہیں ہوتے اور نہ ان میں یہ لیاقت ہے کہ وہ قائل ہو جائیں تو ہمارے پاس پھر کیا چیز رہ جاتی ہے؟

محترمہ رفعت اکبر سواتی: لیاقت کی بات کر رہے ہیں مجاہد صاحب، یہ غلط بات ہے۔ سر! دیکھیں یہ ایسی باتیں نہ کریں۔

جناب سپیکر: نسرین خٹک صاحبہ۔

محترمہ نسرین خٹک: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ آنریبل سپیکر سر! سب سے پہلے آپ کا شکریہ کہ آپ نے اس اہم موضوع پہ کچھ باتیں کرنے کا موقع دیا۔ چونکہ آپ نے کہا کہ مختصر بات ہو تو انشاء اللہ مختصر بات ہی ہو گی۔ جناب سپیکر صاحب! اگر دیکھا جائے تو 1947 دسمبر میں سر جیرمی کے پہلے فنانشل مالیاتی ایوارڈ کے بارے میں ذکر ہوا تھا، ستم ظریفی یہ دیکھئے کہ اب لگ بھگ پچاس سال گذرنے کے بعد بھی ہم جو بات کر رہے ہیں، وہ ایک Dis-satisfaction ہے اور احساس محرومی کی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! ہم لوگوں نے بطور اپوزیشن حکومت کا بھرپور ساتھ دیا ہے اور میرے خیال میں اس بات کی ستائش حکومت کرے کہ مئی میں اس اسمبلی میں ایک Unanimous Resolution پاس ہوا تھا اور وہ این ایف سی کے۔۔۔۔ (مداخلت)

جناب سپیکر: جی، Carry on۔

محترمہ نسرین خٹک: پچھلے مئی کے اجلاس میں اسی اسمبلی میں ایک Unanimous Resolution پاس ہوا تھا جو ہمارے وکیل، اب سراج الحق صاحب ہمارے وکیل کا کردار ادا کرینگے، وہ ان ہی کے ہاتھ مضبوط کرنے کیلئے ایک بہت بڑا اقدام ہے۔ جناب سپیکر صاحب! تھوڑی سی تجاویز دینا چاہونگی۔ اعداد و شمار سے ہٹ کر اگر دیکھا جائے تو اس Unanimous Resolution کو بنیاد بنا کر آپ دیکھیں کہ میرے پاس یہ ایک ٹیبل ہے اور یہ جو ٹیبل ہے یہ ایک انتہائی اہم ٹیبل ہے جو کہ صرف صوبہ سرحد میں نہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پہ بھی دیکھی گئی ہے۔ یہ ٹیبل ہے شرح غربت کی، میں اس کی صرف ایک لائن بڑے مختصر انداز میں دوں گی اور جناب سراج الحق صاحب اگر چاہینگے تو میں انہیں بھی Pass on کر دوں گی۔ اسے کہتے ہیں Incidence of poverty، پاکستان میں اگر دیکھا جائے تو یہ 32.2% ہے، پنجاب میں 33.0 ہے، سندھ میں 26.2 ہے، بلوچستان میں 22.8 ہے اور صوبہ سرحد 44.9 ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ کہنا چاہونگی کہ یہاں پہ Divisible pool کا ذکر ہوتا ہے تو اسی صوبائی اسمبلی میں 1996 کے حوالے سے Divisible pool پہ تشویش کا اظہار کیا گیا تھا، اسمیں 62.5% مرکز

کو جارہا تھا اور بشمول صوبہ سرحد 37.5%صرف صوبوں کو جارہا تھا۔ جناب سپیکر صاحب! جبکہ اتنے دلائل دو دونوں میں سامنے آ گئے ہیں تو اب جناب سراج الحق صاحب کے میرے خیال میں ہاتھ کافی مضبوط ہو چکے ہیں لیکن ایک دوست وہی ہوتا ہے جو سخت بات کردے دشمن آپکی رہنمائی کیلئے کبھی بھی سخت بات نہیں کریگا۔ خدارا جب آپ وفاق میں جائیں اور ہمارا Case plead کریں تو اس بات کا ضرور خیال رکھیں کہ کہیں سے وہ اٹھ کر یہ نہ کہے کہ اے۔ڈی۔پی کے حوالے سے تو آپ نے احساس محرومی اپنی صوبے میں پیدا کر دی ہے، اوروں کو نصیحت، اب آخری جملہ آپ خود Complete کر دیں۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔ مولانا حقانی صاحب! آپ بھی کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

<u>مولانا امان اللہ حقانی</u>: ایک دو باتیں کرنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: ایک دو باتیں، بس مختصر کریں تاکہ سراج الحق صاحب کو ہم دعوت دیں۔ پھر اے۔ڈی۔پی پہ بات ہو گی، ٹی بریک کے بعد۔

<u>مولانا امان اللہ حقانی</u>: بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ شکریہ، جناب سیکر صاحب! زہ خو جی کوشش کوم چہ تکرار ورکښ اونہ شی او داسے خبرے چہ مخکښے وړاندے شوی دی ، دھغے د ذکر ضرورت نشتہ خو جی د ټولو نہ زمونږ د وطن او د ملک بدقسمتئی خبرہ دا دہ چہ زمونږ ملک کلہ آزاد شوے دے ، جوړ شوے دے نو تر اوسہ پورے ، دا اوس شپږم ایوارډ ، دا بہ اناؤنس کیږی او انډیا کښ چہ ھر پنځہ کالہ پس پورہ پہ ترتیب سرہ او پہ طریقہ سرہ ھغوی خپل ایوارډ اناؤنس کوی نو زمونږ پہ ملک کښ دا یو ډیرہ غټہ مسئلہ دہ او ددے وجے نہ زمونږ صوبہ او دے بعضو صوبو کښ چہ پسماندگی دہ، دھغے اصل وجہ ھم دا دہ ۔ جناب سپیکر صاحب! زمونږ پہ دے ملک کښ جمھوری حکومتونہ ھم تیر شوی دی خو زما ورور عبدالاکبرخان صاحب موجود نہ دے ما خو دھغوی نہ استفسار ھم کولو، بښہ ناست دے ، دوئ پرون پہ جرگے پروگرام کښ ھم اظھار خیال کړے دے خو ما جرگہ پروگرام Attend کړے نہ دے نو دوئ دا خبرہ اوکړہ، زما ورور چہ یرہ وړاندینو حکومتونو کښ، جمھوری حکومتونو کښ بہ80فی صد صوبو تہ ملاؤیدلہ او20فی صد بہ Divisible poolنہ، مرکز سرہ بہ وہ نو زما پہ خیال دا خبرہ کہ مونږ تہ پہ ثبوت سرہ اوښودلے شی نو دا خبرہ بہ زمونږ

دپاره قابل اطمینان وی۔ بله خبره دا چه غلام اسحاق خان چه کله دپی پی گورنمنټ Dissolve کولو، دبینظرے حکومت ئے ختمولونو هغه یو وجه دا وئیلے وه چه د این۔ایف۔سی کانو کیشن ئے او نه کړو، این۔ایف۔سی ایوارډ دپاره دوئ اجلاس اونه کړو او نه ئے دا اناؤنس کولو نو ددے مطلب دا دے چه د پخوانی جمهوری حکومتونو نه دا خبره راروانه ده، دا د پیسو چه دا دومره غټ ډیرے چه جمع شوے دے نو دا صرف په یو کال کښ جمع شوے دے، دا دډیر وړاندے نه دا مسئله زمونږ قوم ته راپیښه ده۔ پکار دا دی چه زمونږ حکومت اوس په دے کښ انشاء الله مخلص دے په دے وجه باندے هغوی د مختلفو پارټو نه مشران راغونډ کړی دی او جرگه ئے جوړه کړے ده ورنه تاسو اوگورئ وړواندینو حکومتونو کښ داسے هم شوی دی چه میر افضل خان د اوبو په مسئله باندے، مرید کاظم صاحب پرون خبره اوکړه، د اوبو په مسئله باندے چه یره دا اوبه چه کوم بالکل مفت نورو صوبو ته ملاویږی، زمونږ اوبه هغوی استعمالوی نو دا ولے کیږی؟ داظلم کیږی نو زه وایم چه دا ولے استعمالوی؟ دا دیو فارمولے دلاندے استعمالوی اوپه هغه فارموله باندے دستخط چاکړے دے؟ نو دا دمیرافضل خان په دور کښ هغه خپله اووئیل چه زه په دے فارموله باندے دستخط نه کوم خو زمونږ د دے صوبے وزیر په هغے باندے دستخط اوکړو، هغه اوبه زمونږه مفتے ځی نو زه وایم چه دغه مسئلے دی دا مونږ ته د پخوا نه په میراث کښ ملاؤ شوی دی نو اوس مونږ او تاسو له او دے اسمبلی له پکار دی چه دا په افهام تفهیم سره، مرکز سره د تصادم لاره هم اختیار نه شی او انشاءالله زمونږه امید دے چه زمونږه حکومت کوم طریقه کار اختیار کړے دے، انشاءالله هغه به د صوبے دپاره چه کوم حقوق دی او د مرکز سره زمونږ څومره پیسے جمع شوی دی، انشاء الله دهغے نه به زیاته حصه زمونږ صوبے ته راوړی۔

جناب بشیر احمد بلور: میں عرض کرتا ہوں۔ سپیکر صاحب! دوئ خبره اوکړله، صرف د Clarification دپاره داخبره کوم چه میر افضل خان کوم وخت کښې وزیر اعلیٰ وو، هغوی پرے هم دستخط، وزیراعلیٰ صاحبانو پرے دستخطونه نه وو کړی، صرف هغه Concerned منسټرانو او فنانس منسټر په هغے Accord بیا دستخطونه کړی دی او په دے مونږ فخر کوؤ چه هغه وخت کښې دا فیصله شوے وه، پاکستان چه کله نه ووجوړ، 1992 پورے د اوبو فیصله نه وه شوے نو مونږ اوس وایو، زما دے خور هم اووئیل او ما هم هغه بله ورځ وئیلی وو چه پندره یا باره لاکھ کیوسک اوبه چه دی، پنجاب استعمالوی، مونږ دے خپل وزیر ته دا باربار وایو چه مونږ تا سره په دے کښې Cooperation کوؤ، زما ورور پاڅیدو او التہ په اپوزیشن باندے Criticism کوی چه یره دوئ دا غلطه وئیلی وو، دا آن ریکارډ دے۔ ماسره اوس هغه کاغذ نیشته زما خیال دے چه زما --------

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب!زما په خیال-----

جناب بشیر احمد بلور: نه جی، عرض کوم، زه تاسو ته عرض کوم۔ د ټی بریک نه پس زه به تاسو ته هغه اوښایم چه 20%او 80%وو، هغه به لیکلی هم دوئ ته زه اوښایم خو ورسره هغے کښې دا هم شته چه هغے کښې کسټم ډیوټی نه وه نو کسټم ډیوټی نه وه نو کسټم ډیوټی چه حکومت پکښې Include کړه نو هغوی دا کم کړو نو جهګړه زمونږه دا ده چه مونږ ته زیاتے ملاؤ شی نو چه زیات ملاؤ شی نو مونږ ته پته ده چه د صوبے حکومت ته به ملاویږی ، Development به دوئ اوکړی نو خلق به د دوئ ستائنه کوی۔ مونږ دوئ سره Cooperation کوؤ التہ دوئ هغے زړو خبرو باندے خبرے کوی نو مونږ ورته دا وایو چه داوبو فیصله، ما خو اوس هم Request کړے دے، پرون په جرګه کښې مے هم Request کړے دے وزیر صاحب ته، چه خپلے د اوبو پیسے خا مخا ترے واخله۔ زمونږه او به هغوی استعمالوی او مونږ ته د هغے هیڅ رائلټی نه ملاؤیږی نو مونږ خو دا وایو چه د هغے اوبو پیسے مونږ ته پکاردی چه را ئے کړی او په دے فخرکوؤ چه

زمونږ دور کښې د دے اوبو فیصله شوے ده چه مونږ پنځلس لاکھ، پندره لاکھ کیوسک اوبه چه دی، پندره هزار کیوسک فیټ زمونږ حصه وه، هغه هغوی استعمالوی، مونږ ته د پیسے راکړی۔ دا خو مونږ د هغه وخت نه ژاړو لګیا یوؤ۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! Point of Personal Explanation زما خیال دے جی، چه په دے اسمبلئ کښې چه مونږه خبره کوؤ نو هغه ډیر Authentic او ډیر سوچ نه پس، مطلب دا دے، Study ورته کوؤ جی، دا خو پنځم روان این۔ایف۔سی ایوارډ، څلورم ایوارډ چه کوم وؤ، چوتھا نیشنل فنانس ایوارډ، هغه د ممبر صاحب راوباسی، هغے کښې به ورته پخپله پته اولګی چه دا 80 او 20 دی او که نه دی؟ خو جی، دا سے خبرے نه وی پکار۔

مولانا امان اللہ حقانی: ماصرف د جمهوری حکومتونو خبره کړے ده چه دوئی اووائیل چه ټولو جمهوری حکومتونه کښې دا۔

جناب سپیکر: څه اوکړو، ټی بریک نه ورستو دغه اوکړو جی؟

جناب عبدالاکبر خان: ټی بریک نه پس زما خیال دے حاضری دومره زیاته نه وی، حاضری دے وخت کښې برابره ده۔

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب، جناب سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق (سینئر وزیر خزانہ): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔قابل احترام سپیکر صاحب اور معزز اراکین صوبائی اسمبلی! اب تک ایک سو چوبیس میں سے سترہ ارکان نے این ایف سی ایوارڈ پر بات کر لی ہے۔

جناب سپیکر: زیادہ ہے میرے خیال میں، نہیں زیادہ ہے۔

سینئر وزیر خزانہ: اگر ان دو کو شامل کیا جائے بلکہ انیس، انیس، بہر حال مجھے خوشی ہے کہ ان گذشتہ دنوں میں جب سے اجلاس شروع ہوا ہے محترم انور کمال خان صاحب نے انتہائی جذباتی انداز میں، بشیر بلور صاحب نے بڑے استدلالی انداز میں، عبدالاکبر صاحب نے بڑے قانونی انداز میں اور سکندر شیر پاؤ صاحب، نادر شاہ، مشتاق احمد غنی، مرید کاظم صاحب، خلیل عباس، جمشید خان، زرگل خان، شہزادہ گستاسپ، ارشد خان، مظھر علی شاہ، حبیب الرحمان خان، مہابت شاہ، ڈاکٹر سلیم صاحب، میاں نثار صاحب، رفعت اکبر سواتی صاحبہ۔

جناب سپیکر: مہابت شاہ نہیں ہے، امانت شاہ صاحب، امانت شاہ۔

سینئر وزیر/وزیر خزانہ: امانت شاہ صاحبہ۔ (تالیاں، قہقہہ) اچھا، پورا نام تو مولانا امانت شاہ صاحب ہے۔

جناب سپیکر: مولانا امانت شاہ صاحب۔

سینئر وزیر/وزیر خزانہ: Sorry جی، حضرت مولانا امانت شاہ صاحب۔ اس کے علاوہ رفعت اکبر سواتی صاحبہ، نسرین خٹک صاحبہ اور جناب حقانی صاحب۔

Mr Speaker: Order please.

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! جبل صاحب کی بات ثابت ہو گئی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم برابر ہیں، تو کیا فرق پڑتا ہے؟ (قہقہہ)

سینئر وزیر/وزیر خزانہ: جناب سپیکر! اگر اس طرح پانچ سال یہ ایوان پورا کرے تو صاحب اور صاحبہ کا یہ جو فرق ہے، انشاءاللہ یہ آہستہ آہستہ، میں یہاں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ تمام ممبران اسمبلی نے بڑی تیاری کے ساتھ اس موضوع پر گفتگو کی ہے اور میں اس سے بالکل اتفاق کرتا ہوں کہ ان کی گفتگو سے اور ان کے جذبات سے اور اظہار خیال سے ہمیں رہنمائی ملی ہے اور بہت سارے ایسے گوشے تھے جو ان تقاریر کے نتیجے میں ہمیں ملے ہیں اور عیاں ہوئے ہیں، آپکو معلوم ہے جناب سپیکر صاحب، کہ اس وقت دنیا میں تمام تر Activities بلکہ جنگوں کا، دوستوں کا اور آپس میں رشتوں کا بنیادی مرکز اقتصادیات ہیں۔ جنگ عظیم سے لیکر آج تک جتنی جنگیں ہوئی ہیں، ان میں بھی بنیادی مرکز اس ملک کا اپنا اقتصادی ہدف تھا۔ روس نے اگر افغانستان پر حملہ کیا تھا تو اس کا مقصد بھی گرم پانی تک پہنچ کر اپنی اقتصادیات کو بہتر بنانا تھا۔ اگر آج امریکہ نے عراق پر اور افغانستان پر قبضہ کیا ہے تو اسمیں بھی اس کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ اس ریجن کی اقتصادیات پر قبضہ کر کے اپنی اقتصادیات کو بہتر بنایا جائے۔ محترم سپیکر صاحب! آج سے چودہ سو سال قبل نبی مہربان محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا تھا کہ غربت انسان کو کفر تک لے جاتی ہے اور اس نے فقر کو اختیار کیا تھا لیکن غربت سے پناہ مانگی ہے اس لئے کہ غربت انسان کو غلامی پر مجبور کر لیتی ہے اور غربت ایک ایسی چیز ہے جس کی وجہ سے انسان اپنے مقصد کو اپنے نظریات کو چھوڑنے پر کبھی کبھار مجبور ہو جاتا ہے۔ ہمارے اس ملک میں قانون کی بالادستی کے علاوہ جو سب سے بڑا مسئلہ ہم سمجھتے ہیں، وہ غربت ہے اور غربت کی وجہ سے کرپشن میں اضافہ ہوا ہے، غربت کی وجہ سے ہمیں سود دینا پڑتا ہے اور غربت ہے بھی اس لئے کہ

وسائل کی شروع ہی دن سے غیر منصفانہ تقسیم کی گئی ہے اور غیر منصفانہ تقسیم کیوجہ سے مشرق پاکستان بالاخر بنگلادیشن بن گیا جسکو پھر Exploit کیا گیا اور ملک دو حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ 1970 میں چونکہ انہی وجوہات کی وجہ سے ملک دو حصوں میں تقسیم ہوا لیکن یہ اللہ کا شکر ہے کہ الیکشن ہوا، اس کے نتیجے میں اسمبلی اور آئین وجود میں آیا اور 1970 کا آئین میں سمجھتا ہوں ایک مقدس دستاویز ہے، پاکستان کے چودہ کروڑ عوام کیلئے، اس پر متفقہ طور پر دستخط کر دیئے گئے اور آج اگر ہم این۔ ایف۔ سی کے ایوارڈ میں اپنے حقوق کا مطالبہ کر رہے ہیں تو یہ کسی دیوانے کی بڑ نہیں ہے بلکہ یہ اس آئین کا تقاضا ہے اور اس آئین پر عمل درآمد کرنے کے لئے ہم یہ مطالبہ کر رہے ہیں۔ محترم سپیکر صاحب، جس طرح میرے دوستوں نے ذکر کیا ہے کہ این۔ ایف۔ سی کا جو گزشتہ ایوارڈ تھا وہ پانچواں ایوارڈ تھا، صوبوں میں وسائل کی تقسیم جس طرح کی گئی اور پھر مرکز اور صوبوں میں وسائل کو جس بنیاد پر تقسیم کیا گیا اس سے ہمارے ملک خصوصاً صوبہ سرحد کو معاشی Stability نہیں ملی ہے اور آپکو معلوم ہے کہ مرکز نے 62.5 حصے پر قبضہ کر لیا اور 37.5 کا ایک تھوڑا سا حصہ چاروں صوبوں میں تقسیم کیا گیا اور پھر ہوا یہ کہ صوبوں میں وہ تقسیم بھی آبادی کی بنیاد پر ہوئی چونکہ صوبہ سرحد میں آبادی کم ہے، بلوچستان کے بعد کم آبادی والا صوبہ ہے اس لئے ہمیں بہت کم حصہ ملا۔ جناب سپیکر صاحب، جو Divisible Pool اور Subvention ہے تو ان اصطلاحات سے اب پاکستان کا بچہ بچہ آشنا ہو گیا ہے۔ لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو Divisible Pool ہے، یہ وہ سرمایہ ہے جو کل مالیاتی ہمارا فنڈ ہے، اس کو تقسیم کیا جاتا ہے اور اس کے بنیاد پر جو سپیشل گرانٹ ہمیں دی گئی ہے، میں اسمبلی کی علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ وہ ہمارے لئے Cap کی گئی ہے، صرف تین ارب جبکہ چار ارب بلوچستان کو دیئے گئے اور تین ارب ہمیں دیئے گئے لیکن ستم ظریفی یہ ہے کہ پانچویں ایوارڈ کے تحت 97-1996 سے لیکر پانچ سالوں میں جو ہمارا حق بنتا تھا وہ 136 بلین روپے بنتا ہے لیکن ہمیں دیئے گئے ہیں صرف 82.3 بلین اور اس طرح Subvention اور سپیشل گرانٹ میں جو ہمارا کل حصہ بنتا تھا پانچ سالوں کا، وہ 20.6 ہے جبکہ ہمیں ملا ہے صرف 18.3، میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پانچویں ایوارڈ میں جو فیصلے کئے گئے، مرکزی حکومت نے اس پر بھی کما حقہ انداز سے عمل درآمد نہیں کیا۔ محترم سپیکر صاحب! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے جب سے حکومت سنبھالی ہے اور ہمیں اس مسئلے کا سامنا ہوا، اللہ گواہ ہے کہ ہم نے سیاسی دکان چمکانے کی کوشش نہیں کی ہے بلکہ اسمبلی سے باہر اور اسمبلی کے اندر تمام لوگوں سے ہم نے مشورے لیئے ہیں۔ گزشتہ بجٹ کے بعد میں نے اپنے دفتر میں سابق وزرائے خزانہ، جناب حاجی محمد

عدیل صاحب، نوابزادہ محسن علی خان صاحب کو، افتخار خان مہمند صاحب اور فرید الرحمان صاحب کو بلایا ۔علاوہ ازیں میں نے سلیم سیف اللہ صاحب، سردار مہتاب صاحب کو بھی دعوت دی اس لئے کہ میں ان کے ساتھ شیئر کرنا چاہتا تھا۔اس کے بعد قومی اسمبلی اور سینٹ میں صوبہ سرحد سے تعلق رکھنے والے جتنے بھی ممبران تھے، ہم نے انکو بلایا اور مجھے خوشی ہے کہ ان سینیٹرز کے ساتھ اور قومی اسمبلی کے ممبران کے ساتھ ساتھ اس اسمبلی میں جتنے بھی اپوزیشن لیڈرز تھے، وہ بھی اسمیں شریک ہوئے۔ ہمارے مرکزی قائدین قاضی حسین آحمد صاحب اور جناب اسفندیار ولی خان صاحب بھی شریک ہوئے۔انہوں نے اس بحث میں حصہ لیا۔آفتاب شیر پاو صاحب کو بھی میں نے اس جرگے میں اس کانفرنس میں بلایا تھا، بوجوہ وہ تشریف نہیں لاسکے تھے لیکن ان ممبران قومی اسمبلی اور سینٹرز کی موجودگی میں ہم نے ایک جرگہ بنایا جو مرکز سے ڈیل کرلے گا، مرکز سے معاملات اٹھائے گا۔اس جرگے میں پروفیسر خورشید احمد صاحب، جناب الیاس بلور صاحب، جناب سردار مہتاب احمد خان صاحب، فرحت اللہ بابر صاحب، بیگم فرخ الزمان صاحبہ اور مرید کاظم صاحب اور اس کے بعد اسمیں عبدالاکبر خان صاحب بھی شامل کئے گئے۔اس کے علاوہ مولانا نصیب شاہ صاحب بھی تھے اور ڈاکٹر عطاالرحمان صاحب بھی تھے۔ جناب سپیکر صاحب اس جرگے کے اسلام آباد میں تین اجلاس ہوئے تھے۔ دو اجلاس انفرادی طور پر، ایک میں وزیر اعلیٰ صاحب شریک ہوئے۔ایک انہوں نے خود پارلیمنٹ کے اندر کیا تھا اور ایک اجلاس میں پھر شوکت عزیز صاحب کے ساتھ انہوں نے میٹنگ کی، میں بھی اسمیں شریک تھا۔اور شوکت عزیز سے صوبہ سرحد کے حوالے سے جو ہمارے حقوق تھے یا بجلی کے خالص منافع کے حوالے سے جو ہمارا ایشو تھا اور پھر بطور خاص این۔ایف۔سی ایوارڈ کا اجلاس منعقد کرنے کا مطالبہ کیا گیا، میں سمجھتا ہوں کہ این۔ایف۔سی کے اجلاس کا انعقاد ہوتا ہے ۔یہ بھی جناب سپیکر صاحب! بار بار کے مطالبے اور اس جرگے کے پریشیر کی وجہ سے مرکز نے بالاخر Anounce کیا لیکن جب سے Anounce کیا گیا ہے، پھر میں نے تمام سابق وزرائے خزانہ کو اسلام آباد میں بلایا اور میری دعوت پر وہ تشریف لائے۔بلکہ ایک کو میں نے اپنے گاڑی میں یہاں سے بیٹھاکر (حاجی عدیل صاحب) کو ساتھ لے گیا اور میں نے کہا کہ یہ پارٹی کا مسئلہ نہیں ہے، یہ ایم ایم اے کا مسئلہ نہیں ہے ،یہ اپوزیشن کا مسئلہ نہیں ہے، یہ صوبہ سرحد کے دوکروڑ عوام کا مسئلہ ہے اور پورے تین گھنٹے ہم نے اجلاس کیا اور اسمیں ہم نے ایک لائحہ عمل تیار کیا۔کل میرے ایک بھائی نے اس طرح بات کی کہ شاید ہمیں اعتماد میں نہیں لیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ دوبار ہم نے ان تین جرگوں کا اجلاس بلایا وزرائے کمیٹی کا، اور

جب این۔ایف۔سی کا اجلاس شروع ہوا تو اس اجلاس کے دوران بھی، آج شہزادہ گستاسپ صاحب نہیں ہیں، ظاہر ہے تمام لوگوں سے رابطہ رکھنا مشکل ہوتا ہے لیکن اجلاس کے دوران وقفے میں میں نے ان کو فون کیا اور میں نے کہا کہ اپوزیشن نے اگر آپ کو لیڈر بنایا ہے تو میرا فرض بنتا ہے کہ میں ہر ہر مرحلے میں این۔ایف۔سی کے حوالے سے آپ سے مشورہ کروں۔ وہ اس دن آیبٹ آباد میں تھے، میں نے وہاں ان کو پالیا اور ان کے سامنے ساری بات رکھی۔ وزیر اعلیٰ صاحب سے، گورنر صاحب سے، ہر ہر مرحلے پر میں نے مشورے کرنے کی کوشش کی۔ یہ سب اس لئے کرتا رہا کہ یہ مسئلہ میں سمجھتا ہوں، جس طرح اراکین نے کل بات کی، انتہائی اہم ہے۔ ہمارے بچوں کا مسئلہ ہے، ہمارے ملک کے ترقی اور صوبہ سرحد کے مستقبل کا سوال ہے۔ اس بنیاد پر میں نے کوشش کی ہے، اس اسمبلی میں یوں قرار داد پاس ہوئی تھی کہ مرکز کو چاہئے کہ وہ 60 فیصد صوبوں کو دے دے اور 37 یا 40 فیصد خود لے لے۔ ان کی نمائندگی کی بنیاد پر میں نے اسلام آباد کے اجلاس میں بھی، میں نے لاہور کے اجلاس میں بھی اور میں نے کراچی کے اجلاس میں بھی بات کی اور میں نے لفظاً لفظاً آپ کے مؤقف کو بیان کیا ہے کہ میرے صوبے (تالیاں) اور اسمبلی کا مؤقف یہ ہے لیکن جناب سپیکر، آپ جانتے ہیں کہ جب چاروں بھائی مل جاتے ہیں تو بات وہی ہوتی ہے جس پر چاروں متفق ہو جائیں۔ میں نے 60 کا مطالبہ کیا لیکن سندھ کا، پنجاب کا مطالبہ یہ تھا کہ ہمیں اس طرح کی Figure دینی چاہیے کہ ہم مرکز کو اس پہ راضی کر سکیں۔ میں جب بھی اجلاس میں جاتا ہوں، میں وہی مؤقف دھراتا ہوں جو آپ لوگوں نے مجھے دیا ہے لیکن بالآخر تینوں اسمبلیوں نے اور اسمبلیوں کے نمائندوں نے اور ان کی حکومتوں نے اس پر اتفاق کیا کہ ہم پچاس پچاس پر بات کریں گے اور اگر پچاس پر ہم مرکز کو راضی کر لیں تو یہ بھی اس لحاظ سے ہماری ایک کامیابی ہے لیکن ہم نے صرف پچاس پر اکتفا نہیں کیا، اسمیں ہم نے پٹرول کی مصنوعات پر جو آمدن ہے، اس کا ہم نے مطالبہ کیا کہ اس کو بھی Divisible pool میں شامل کیا جائے اور اس طرح پچاس اور پلس جب یہ ہو جاتا ہے تو یہ تقریباً 54 اور 55 فیصد تک ہمارا مؤقف پہنچ جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! پیٹرولیم کی جو آمدنی ہے، وہ انتہائی زیادہ ہے، وہ تقریباً 50 ارب تک پہنچ جاتی ہے اور اگر اس کو شامل کیا جائے تو 50 جمع 5 اسمیں ہمارا مؤقف جو ہے، 55 فیصد تک آجاتا ہے۔ میں اس سے اتفاق رکھتا ہوں کہ بہر حال کبھی کبھار مطالبہ کیا جاتا ہے اور ایک Ambitious target رکھا جاتا ہے لیکن ساٹھ کا ٹارگٹ Ambitious نہیں ہے۔ ہم نے مرکزی وزیر خزانہ کے ساتھ بات کی ہے کہ جناب، جب امن و آمان کا مسئلہ صوبائی حکومتوں کے ذمے ہے، تعلیم کا مسئلہ، صحت کا مسئلہ

،سڑکوں کا مسئلہ اوراس طرح تمام مسائل یہ آپ نے صوبوں کے حوالے کیئے ہیں تو وہ پیسہ بھی جو ان محکموں کے حوالے سے مرکز کے پاس ہے،وہ بھی بجٹ کے ساتھ یہ آپ صوبوں کے حوالے کر دیں،اس لئے کہ ہم ہی عوام کے سامنے جوابدہ ہیں،ہمیں ہی اسمبلی میں جواب دینا ہوتا ہے توآپ نے ایگریکلچر کچھ تو ہمارے حوالے کیا،کچھ اپنے پاس رکھا ہے۔ایریگیشن کچھ ہمارے پاس ہے،کچھ اپنے پاس رکھا ہے۔صحت کچھ ہمارے پاس ہے،کچھ اپنے پاس رکھا ہے۔اس طرح اس نظام میں ڈبلنگ ہے اور ڈبلنگ جب ہو جاتا ہے تو دو ڈائریکٹرز رکھنا پڑتے ہیں،کئی کئی وزرار کھنے پڑتے ہیں۔ہم نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ یہ تمام محکمے بجٹ سمیت آپ صوبوں کے حوالے کر دیں (تالیاں) محترم سپیکر صاحب،میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب ہم غربت کی بات کرتے ہیں تو کیوں کرتے ہیں؟ جب ہم نے وہاں بات کی،یہ صحیح بات ہے کہ صوبہ سندھ کے اسمبلی نے قرارداد پاس کی کہ آئندہ این۔ایف۔سی ایوارڈ میں ریونیو کو بنیادی اہمیت دینی چاہیے ،اس طرح پنجاب کی اسمبلی نے قرارداد پاس کی ہے کہ آبادی کو بنیاد بنانا چاہیے،بلوچستان کی اسمبلی نے قرارداد پاس کی کہ رقبے کو بنیاد بنانا چاہیے۔آپ لوگوں نے کہا ہے کہ غربت کو بنیادی مسئلہ بنانا چاہئے۔میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں،میں نے اس مجلس میں بات کی کہ 1962 تک دارالخلافہ اسلام آباد کی بجائے کراچی تھااور ملک کے سارے وسائل اس وقت تک کراچی میں تھے۔دارالخلافہ ہونے کے ناطے تمام کارخانے یہاں لگے ہیں،تمام مراکز آج بھی اگر،پی سی کا ہوٹل یہاں ہے لیکن اس کا مرکزی دفتر تو کراچی میں ہے اور پھر ہم نے جب ان سے پوچھا کہ جناب عالی!کیا یہ ممکن ہے کہ ریونیو کی بنیاد پر اگر آپ وسائل کو تقسیم کرتے ہیں تو آپ صوبے کے اندر ریونیو کی بنیاد پر ان وسائل کو تقسیم کر سکتے ہیں؟پھر تو سارا پیسہ کراچی کو ملے گا،پھر اندرون سندھ شکارپور،لاڑکانہ کو اور اس طرح حیدرآباد کو کچھ نہیں ملے گا۔اس لئے ہم نے کہ یہ کسی طریقے سے بھی وسائل کی تقسیم کا فارمولا نہیں ہو سکتا ہے۔غربت بلوچستان کے اندر بھی ہے،غربت سندھ کے اندر بھی ہے اور میں جانتا ہوں کہ غربت پنجاب کے اندر بھی ہے لیکن سب سے زیادہ غربت صوبہ سرحد میں ہے اور ہم نے یہ مطالبہ کیا ہے۔اگر ہم کو آپ ساتھ چلانا چاہتے ہیں تو ہمیں اٹھانا پڑے گا،ساتھ چلانا پڑے گا ،غربت کا خاتمہ کرنا پڑے گا اور میں نے کہا کہ یہاں جتنے بھی مشن باہر سے آئے ہیں،میں نے ان سے کہا ہے جناب سپیکر،کہ اگر آپ اس خطے میں امن قائم کرنا چاہتے ہیں اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس خطے میں خوشحالی ہو تو ہماری غربت اور یہاں کی جو پسماندگی ہے اس کا علاج آپکو کرنا پڑے گا (تالیاں) میرے دوستو!جناب سپیکر! میں عرض کرنا چاہتا ہوں،میں آپ کے سامنے حقائق رکھنا چاہتا ہوں کہ

اس وقت جو غربت کی شرح ہے ،وہ پنجاب میں 32.4 ہے ، سندھ میں 29.2 فیصد ہے لیکن صوبہ سرحد ایک بدقسمت زمین ہے، یہاں غربت کی شرح 44.3 فیصد ہے جبکہ بلوچستان میں بھی 24.6 فیصد ہے ۔ محترم سپیکر صاحب، میں ماہانہ آمدنی کی بات بھی کرنا چاہونگا کہ پنجاب میں ماہانہ آمدنی اور یہ بھی 1998 کی بات کرتا ہوں، فی کس ماہانہ آمدنی 1047 روپے ہے، سندھ میں 1071 ہے لیکن بدقسمت صوبہ سرحد ہے کہ یہاں فی کس آمدنی 890 رپے ہے جبکہ بلوچستان میں ماہانہ آمدنی جناب، 1010 روپے ہے۔اگر میں اوسطاً کی بات کروں تو پنجاب اور سندھ میں فی کس روزانہ آمدنی شہری علاقوں میں جناب سپیکر، 46 روپے ہے اور یہاں ہماری صوبہ سرحد میں شہری علاقوں میں 26 روپے ہے۔اس طرح پنجاب اور سندھ میں دیہاتی علاقوں میں فی کس آمدنی روزانہ اوسطاً 27 روپے ہے لیکن یہاں صوبہ سرحد میں صرف اور صرف 17 فی کس روزانہ آمدنی ہے،آپ اس سے اندازہ کر سکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسلام آباد کے اندر ایک بچہ دن کو جو چاکلیٹ کھاتا ہے،اس چاکلیٹ کی سطح تک بھی ہمارے صوبے کے ایک عام آدمی کی آمدن نہیں ہے ۔ میں عرض کرنا چاہتا تھا کہ غربت ایک لعنت ہے ،غربت ایک بیماری ہے، غربت ایک مرض ہے ۔ غربت کی وجہ سے ہمارے لاکھوں بچے تعلیم سے محروم ہیں،غربت کی وجہ سے ہمارے لاکھوں لوگ علاج سے محروم ہیں، غربت کی ہی وجہ سے میرے کرک میں، میرے لکی مروت میں اور اس طرح ڈی آئی خان اور ہزارہ میں آج بھی ایسے مناظر ہیں اور آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ پانچ پانچ اور چھ چھ کلو میٹر ہماری مائیں اور بہنیں جاکر اپنے سروں پر گڑھے رکھ کر پانی لاتی ہیں۔ میرے دوستوں اور جناب سپیکر! میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آج ہمارے صوبے میں ایسے علاقے ہیں جو بالکل پتھر کے زمانے کی تصویر پیش کرتے ہیں۔آج بھی لوگ کوہستان میں پلاسٹک کی بوٹ استعمال کرتے ہیں،آج بھی آپ رات کو جاکر وہاں دیکھیں، سپین جماعت کی قریب اور شیر پاؤ ہسپتال کے قریب سینکڑوں نہیں ،ہزاروں لوگ سڑکوں پر رات گزارنے پہ مجبور ہیں۔جناب سپیکر! یہاں یہ بات آئی ہے۔ گزشتہ سال کی بات ہے کہ کس طرح ایل۔آر۔ایچ میں ایک آدمی نے اپنے گردے کو فروخت کیا، کس طرح راتوں کو لوگ اٹھ کر اپنے بچوں کو ایدھی سنٹر میں چھوڑتے ہیں ؟ کیا وجہ ہے ؟ غربت ہی کی وجہ سے، ورنہ کون اپنے بچے سے محبت نہیں کرتا ہے ،کون اپنے بچے کو پڑھانا نہیں چاہتا ہے ۔ میں نے درد دل کے ساتھ یہ باتیں ہمیشہ وہاں رکھی ہیں اور میں نے کہا ہے کہ ٹھیک ہے، شوکت عزیز صاحب نے ایک مجلس میں ہماری تعریف کی ہے کہ آپ کی فنانشل منیجمنٹ بہت بہتر ہے اور آپ دوسرے صوبوں کی بہ نسبت جو کام کرتے ہیں ،وہ اچھا ہے

۔ میں نے کہا شوکت صاحب! گزشتہ رات میں نے بھوکی گزاری ہے، گزشتہ رات میں نے تکلیف میں گزاری ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں آئندہ رات بھی بھوکا سونے کو تیار ہوں، مجھے وہ حق دے دیں جو آپ خود لیتے ہیں، (تالیاں) دوسرں کو دیتے ہیں۔ محترم سپیکر صاحب! آج تک پانچ اجلاس منعقد ہوئے ہیں اور ان پانچ اجلاس میں مسلسل یہ مسئلہ رہا کہ اگر مرکز سے ہم اپنا حق لے لیں، پچاس فیصد لے لیں، ساٹھ فیصد لے لیں اور پچپن فیصد لے لیں، پھر آپس میں اس کی تقسیم کا ہم کیا کریں گے ؟اس لئے کہ ہر ایک وزیر خزانہ پر اپنی اپنی اسمبلی کا ایک پریشر ہے اور ہر وزیر خزانہ کہتا ہے کہ میں نے واپس جاکر اپنی اسمبلی کو جواب دینا ہے۔ محترم سپیکر صاحب، میں یہ عرض کرنا چاہونگا اور شاد محمد خان سے معافی چاہتا ہوں "چه ستنه په ستنه سوره شوه او سترگے سرے شوے" ۔ بہر حال میں کچھ ٹائم مزید لینا چاہونگا ،اس پر ہم نے آپس میں، سندھ بلوچستان اور صوبہ سرحد نے آپس میں مشورہ کیا کہ اگر آبادی کی بنیاد پر بات کرتے ہیں تو پنجاب کی بات چلتی ہے ،اگر ریونیو کی بنیاد پر بات کرتے ہیں تو سندھ کی بات چلتی ہے اور اگر رقبے کی بنیاد پر بات کرتے ہیں تو پھر ہم نے آپس میں ایک مشورہ کیا کہ ان تینوں صوبوں کو ملا کر ہم اس کا فنڈ یا اس کا جو حصہ ہے ،اسمیں ایک اضافہ کرتے ہیں اور یہ نہیں ہونا چاہیے جب ہم مرکز کے ساتھ بیٹھتے ہیں تو پہلا یہی سوال کرتے ہیں کہ شوکت صاحب! آپ آپس میں کیا تقسیم کریں گے، کیسے تقسیم کریں گے ؟ ہم کہتے ہیں کہ نہیں جناب، آپ ہمیں 60 فیصد دے دیں 55 فیصد دے دیں، وہ کہتے ہیں کہ پہلے آپ فارمولا دے دیں کہ آپ کیسے تقسیم کریں گے ؟اس مرحلے پر جب ہم اپنی اپنی بات کرتے ہیں تو ایک لحاظ سے اس طرح اختیارات پھر مرکز کو مل جاتے ہیں اور جب مرکز کو اختیار ملے گا تو اسکا مطلب یہ ہے کہ ایک خاص علاقے کو فائدہ ہوگا، اس لئے ہم تینوں صوبوں نے مل کر ایک Consensus پیدا کیا کہ ہم اس حصے میں اتنا اتنا اضافہ کرنا چاہتے ہیں اور اسمیں ہر آدمی کو موقع ملے گا کہ واپس جاکر اپنے عوام کو اور اپنی اسمبلی کو یہ بات بتا سکے کہ میں نے اتنا اضافہ کرالیا ہے۔ آخری اجلاس جو یہاں پشاور میں ہوا تو ہم اس میں کامیاب ہوگئے کہ ہم تینوں نے مل کر ایک مؤقف اختیار کیا جبکہ پنجاب کا مؤقف جناب سپیکر! اب بھی آبادی کی بنیاد پر ہے لیکن وقت کے ساتھ ساتھ میرا ایمان ہے، میرا یقین ہے انشاءاللہ کہ ہمارے مؤقف کو تسلیم کرنا پڑے گا۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بجلی کے خالص منافع کا جو سوال ہے وہ بھی ہم نے اس کی ساتھ ایڈ کیا ہے اور پہلے اجلاس میں بسم اللہ کے بعد جب تلاوت ہوگئی، میں نے بات رکھی کہ اب بجلی کی بات چلے اور جب تک صوبہ سرحد کو بجلی کے حوالے سے مطمئن نہ کیا جائے کسی

این۔ایف۔سی ایوارڈ پر دستخط نہیں ہوگا(تالیاں)   اس لئے کہ ہمارا حق ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں، میں جذباتی آدمی نہیں ہوں، ہماری پشت پر آئین پاکستان کا آرٹیکل 161(2) موجود ہے۔ محترم سپیکر! 1986 میں اے۔جی۔این قاضی کا فارمولا اور   آپ کے علم میں ہوگا کہ اے۔جی۔این قاضی صاحب صوبہ سرحد سے تعلق نہیں رکھتے تھے، وہ اس صوبے کے باشندے نہیں تھے،   اس کے باوجود بھی انہوں نے عدل اور انصاف کے ساتھ ایک فیصلہ کیا ہے اور اس فیصلے کو مشترکہ مفادات کی کونسل نے تسلیم کیا ہے، اس فیصلے کے بارے میں سابق صدر پاکستان کا ایک حکم موجود ہے، اس فیصلے کی روشنی میں جو مرکزی حکومت کا ہے، وہ Guarantor ہے لیکن میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے، واپڈا یا ہماری مرکزی حکومت کا بجلی کے حوالے سے اختلاف کیا ہے؟ اختلاف یہ ہے کہ اگر میں سادہ الفاظ میں بیان کروں تو کہتے ہیں کہ منافع پیداوار پر ہوگا یا قیمت فروخت پہ تو وہ کہتے ہیں کہ نہیں پیداوار پر ہوگا، ہم کہتے ہیں کہ نہیں یہ قیمت فروخت پر ہوگا۔ اگر ایک کلو چیز ہے، وہ ایک کلو کی قیمت نہیں ہے، یہی بات ہے کہ آپ فروخت کتنے پر کرتے ہیں۔ اس طرح ایک دوسرا ایشو ہے کہ سر چارج اوور اضافی سر چارج بھی منافع میں شامل کیا جائے یا نہیں؟ ہمارا مؤقف یہ ہے کہ بجلی کے حوالے سے جو بھی چیز آپکو ملتی ہے، وہ چارج ہو یا سر چارج، اضافی سر چارج ہو، وہ آپ نے صوبہ سرحد کو دینی ہے، یہ ہمارا حصہ ہے۔ محترم سپیکر صاحب، سپریم کورٹ کا ایک انتہائی اہم فیصلہ اس سلسلے ہمارے پاس موجود ہے اور اے۔جی۔این قاضی فارمولے کی ایک خوبی یہ ہے کہ اس نے مستقبل کے حوالے سے نہ صرف فیصلہ نہیں کیا بلکہ اس نے ماضی کے حوالے سے بھی فیصلہ کیا ہے لیکن یہ الگ بات ہے کہ اس فیصلے پر ابھی تک عمل نہیں ہوا اور 1996 سے لیکر آج تک چھ ارب انہوں نے Cap   کیا ہوا ہے جبکہ چھ ارب کی قیمت اب تین ارب بھی نہیں رہی ہے۔ 1996 میں، جی، جی، ہاں اس دور اور آج کے دور میں کرنسی کی قیمت میں بہت بڑا فرق آیا ہے   اس لئے میں آج ایوان کے سامنے یہ بات رکھنا چاہتا ہوں کہ ہم نے جس ثالثی کی بات کی ہے، وہ   اے۔جی۔این قاضی فارمولے کے بارے میں زیادہ نظر ثانی کے بارے میں نہیں ہے، ہم صرف حساب کتاب کرنا چاہتے ہیں۔ ہمارا مؤقف یہ ہے کہ 345 بلین روپے بنتے ہیں، انکا مؤقف یہ ہے کہ ہر سال سترہ بلین روپے ہمارے بنتے ہیں۔ اسی بنیاد پر یہ جو نئے واپڈا چیف آئے ہیں، ان سے ہم نے ملاقات کی، یہ ایک تاجر آدمی ہے اور جس طرح سوچتے ہیں تو اس سے ایک عملی آدمی لگتے ہیں، انہوں نے یہی ہمارے ساتھ یہ تسلیم کیا کہ حساب کتاب کریں گے۔ مجھے شوکت عزیز نے مجلس میں بتایا کہ سراج صاحب، حساب کتاب نہ کریں اسمیں آپ   کو   تاوان ہوگا اور یہ

چھ ارب آپکو جو ملتے ہیں ان پر آپ اکتفا کر لیں، صبر کر لیں یہ بھی زیادہ ہیں اور حساب کتاب میں نقصان پہنچے گا۔ میں نے تو آپ کی اجازت سے بات کی ہے، میں نے کہا ہے کہ "حساب کتاب بہ اوکڑو کہ تاوان ھم پکبنی اوشی نو خیر دے" لیکن روز روز تو مطالبے نہیں کریں گے اور راستہ تلاش کریں گے، ہم پاکستان کا حصہ ہیں، اگر بجلی میں ہمارا حصہ نہیں ملتا ہے تو اور ذرائع میں تو ہمارا حصہ بنتا ہے۔ میں بھی چاروں بھائیوں میں سے ایک بھائی ہوں، اس لئے میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ ثالثی کیلئے ہم نے تجویز پیش کی ہے کہ ایک فریق آپ ہوں ایک ہم ہونگے اور دونوں ملکر ایک صدر بنائیں گے، ایک چیئرمین بنائیں گے اور آپ بھی اپنا مؤقف پیش کریں گے اور ہم بھی اپنا مؤقف پیش کریں گے اور پھر اس پر کاسٹنگ، چار کا ووٹ ہم نے رکھا ہے لیکن کل نہیں پرسوں مرکز کی طرف سے مجھے ایک فیکس ملا ہے کہ تین ثالث واپڈا کے ہونگے، تین ثالث مرکزی حکومت کے ہونگے اور تین ثالث صوبہ سرحد کے ہونگے اور یہ سب مل کر پھر ایک چیف بنائیں گے۔ ہمارا اس سے اتفاق نہیں ہے، ہم جرگے بھی کرتے ہیں، ہم ثالثی بھی کرتے ہیں اور ہم نے ان سے کہا ہے کہ اگر مسئلہ حل کرنا ہے تو حل کرنے کے راستے موجود ہیں۔ اگر نہیں کرنا ہے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ آپ ہمیں دیوار سے لگانا چاہتے ہیں۔ میں اسمبلی کی علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ جب مرکزی حکومت نے گزشتہ سال کی اپنی رپورٹ پیش کی جناب سپیکر صاحب! سندھ کو بجلی کی Losses اور نقصانات آدا کرنے کے لئے بارہ ارب روپے دیئے ہیں یعنی ہمیں چھ بلین نہیں دیتے اور جب دیتے ہیں تو احسان جتاتے ہیں لیکن آپ کو حیرانی ہوگی کہ بارہ بلین روپے انہوں خیرات کے طور پر بجلی Losses مکمل کرنے کیلئے حکومت سندھ کو دیئے ہیں۔ جب یہ نقشہ پیش ہوا تو میں نے شوکت عزیز صاحب سے پوچھا کہ اگر عوام کو پتہ لگے، میری قوم کو پتہ لگے تو آپ کس طرح سامنا کریں گے؟ یہ ظلم آپ نے کیا ہے، ہمارا استحصال کیا ہے، ہم نہ شرماتے ہیں، نہ کسی کے آگے جھکتے ہیں، نہ دبتے ہیں، نہ کسی کا خوف محسوس کرتے ہیں۔ ہم صاف ستھرے لوگ ہیں اور اگر آج وہاں، خدا کی قسم میری آواز میں اگر کوئی قوت ہے تو وہ اس لئے نہیں ہے کہ میرا نام سراج الحق ہے، اس لئے نہیں کہ میں ایم ایم اے کا ممبر ہوں، اس لئے ہے کہ پوری اسمبلی میری پشت پر ہے اور یہاں کے لوگوں نے مجھے ایک اعتماد دیا ہے (تالیاں) یہاں کے لوگوں نے مجھے ایک قوت دی ہے۔ میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ ہماری بہت زیادہ تسلی ہے کہ وہاں پر واپڈا کے جو اس وقت وزیر ہیں، وہ آفتاب خان شیرپاؤ صاحب ہیں، ان پر میں الزام نہیں لگاتا اس لئے کہ

ابھی میری ان سے توقعات ہیں لیکن میں نہیں سمجھتا کہ اب تک وہ یہی بات کہتے ہیں کہ جناب، آپ کیس ٹھیک طریقے سے پیش کریں۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آپ بتائیں کہ کس طرح میں ٹھیک طریقے سے کیس پیش کروں ؟ (تالیاں) آپ بتائیں میں اردو میں، انگریزی میں، پشتو میں، کونسی زبان میں مرکز کو اپنی بات پہنچا دوں ؟ کہتے ہیں کہ جناب، نہیں آپ نے ٹھیک طریقے سے پیش نہیں کیا۔ میں نے تو ٹھیک طریقے سے پیش نہیں کیا لیکن یہ جو پچیس سال گزر گئے ہیں، 1973 سے لیکر 2004 تک ان تمام سالوں میں کسی نے بھی اپنا کیس ٹھیک طریقے سے پیش نہیں کیا ہے ؟ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ عدل نہیں ہو رہا ہے، انصاف نہیں ہو رہا ہے اور جب عدل اور انصاف کی بات ہو گی تو انشااللہ جب ہم اشاروں میں بھی بات کریں گے تو مرکز والے سمجھ جائیں گے۔ میں یہاں ان لوگوں کو سلام پیش کرتا ہوں جن کا تعلق مسلم لیگ (ق) کے ساتھ ہے لیکن کس دلیری کے ساتھ انہوں نی یہ بات کی کہ پارٹی اپنی جگہ پر لیکن صوبے کے مفادات اپنی جگہ پر، میں یہ عرض کرنا چاہونگا اور میں آفتاب صاحب سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ تماشائی نہیں بن بیٹھیں گے۔ وہ اس صوبے کے سپوت ہیں، اس صوبے کے عوام نے ان کو ووٹ دیئے ہیں، ان ووٹوں کے نتیجے میں وہ وزیر بنے ہیں۔ انہوں نے نہ ثالث بننا ہے اور نہ تماشائی بننا ہے بلکہ اس صوبے کے سپوت کی حیثیت سے ہمارے ساتھ فریق بننا ہے۔ میں یہ بات غلط کرتا ہوں یا ٹھیک کرتا ہوں؟ (تالیاں) اسی امید کے ساتھ میں ان سے رابطہ کرتا ہوں، ہمیشہ اجلاس میں بلاتا ہوں اور آخری بات جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے علم میں رکھنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم نے بجلی منافع کے بارے میں کوئی بھی فیصلہ کیا تو ہم نے اس میں یہ شرط رکھی ہے کہ وہ فیصلہ ہم اپنی اسمبلی میں لائیں گے، جب آپ اس کی تصدیق کرینگے، جب آپ ساتھ دینگے، جب آپ اس پر مہر لگائیں گے تب وہ صدر پاکستان کو جائے گا، تب وہ صوبہ سرحد کا فیصلہ ہو گا۔ بالاخر پہلے بھی آپ کی بات چلے گی اور بعد میں بھی آپ کی بات چلے گی۔ میں ایک بار پھر آپ سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جناب سپیکر صاحب، کہ اتنے اطمینان کے ساتھ، اتنی سنجیدگی کے ساتھ اس موضوع پر لوگوں نے بات رکھی ہے، میری بات بھی سنی ہے، خصوصاً اپنے بھائی جناب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ارشد خان۔

<u>سینئیر وزیر (خزانہ)</u>: شاد محمد خان کا کہ انہوں نے بھی بہت برداشت کیا۔ السلام علیکم ورحمۃاللہ۔

<u>Mr. Speaker</u>: The House is adjourned for tea break.

(اس مرحلے پر ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب،

جناب سپیکر: جناب عبدالاکبر خان صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جی اوس تقریباً د پونے ایک بجے نه وخت اوړیدلے دے۔ ډیر Importantموضوع دے او بلکه مونږه ته خو دا وئیلے شوی وو چه سبا به مونږ په اے ډی پی باندے بحث کوؤ۔منسټر صاحب خو Wind up speechاوکړو، ډیر ښه Speechاوشو جی، خو زما به دا Requestوی چه د مونځ ټائم هم دے او بل دا مونږه تیار هم ورته نه یو، که سبا تاسو، څنگه چه د ایجنډے مطابق په اے ډی پی باندے Speech دے۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: او په ایجنډا کښې راغلے دے نو مونږه خو سبا د پاره هغے له تیار وو نو تاسو ته Requestکوؤ که دا Adjournmentمو اوکړو سبا پورے، سبا به مونږه په دے باندے تقریرونه شروع کړو۔

جناب سپیکر: تجویز خو د معقول دے۔اوس په مشکله په شل پنځویش منټه کښې یو تقریر هم پکښې نه شی کیدے نو دا رائے ده چه اجلاس سبا پورے ملتوی کړو، ښه جی۔The sitting is adjourned till 10:00 AM of tomorrow morning

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعرات مورخہ 11مارچ2004 صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)